## ایم کیوایم کی سلور جوبلی کے موقع پر کارکنان اس بات کا عہد کریں کہ وہ تحریک کے مشن ومقصد کیلئے کسی بھی قربانی سے دریغ نہیں کریں گے۔الطاف حسین

### ایم کیوایم کے 25ویں یوم تاسیس کے موقع پر انٹرنیشنل سیکریٹریٹ لندن میں یوکے یونٹ کے عہدیداروں اور کارکنوں سے گفتگو

### کارکنوں نے ایم کیوایم کے 25ویں یوم تاسیس کا کیک کاٹا اور قائد تحریک سے تجدید عہد کیا

لندن۔۔۔20 مارچ 2009ء

ایم کیوایم کے قائد جناب الطاف حسین نے ایم کیوایم کے کارکنوں سے کہا ہے کہ وہ ایم کیوایم کی سلور جوبلی کے موقع پر اس بات کا عہد کریں کہ وہ تحریک کے مشن ومقصد کیلئے کسی بھی قربانی سے دریغ نہیں کریں گے تمام تر رکاوٹوں اور نامساعد حالات کے باوجود جدوجہد جاری رکھیں گے۔انہوں نے یہ بات ایم کیوایم کے 25ویں یوم تاسیس کے موقع پر انٹرنیشنل سیکریٹریٹ لندن میں ایم کیوایم یوکے یونٹ کے عہدیداروں اور کارکنوں سے گفتگو کرتے ہوئے کہی۔اس موقع پر یوکے یونٹ کے کارکنوں نے رابطہ کمیٹی کے ارکان کے ہمراہ ایم کیوایم کے 25ویں یوم تاسیس کا کیک کاٹا اور زوردار نعرے لگا کر اپنے جوش وخروش کا اظہار کیا۔تمام عہدیداروں اور کارکنوں نے جناب الطاف حسین کو ایم کیوایم کی سلور جوبلی کی مبارکباد پیش کی اور قائد تحریک سے اپنے اس عہد کی تجدید کی کہ وہ ہمیشہ تحریک سے اپنی وفا نبھائیں گے اور قائد تحریک الطاف حسین کی پرعزم قیادت میں جدوجہد جاری رکھیں گے۔ جناب الطاف حسین نے بھی کارکنوں کو ایم کیوایم کی سلور جوبلی کی مبارکباد پیش کی اور ان پر زور دیا کہ وہ اپنی صفوں میں اتحاد کو مضبوط بنائیں اور اس عہد کی تجدید کریں کہ تحریکی مشن ومقصد کے حصول کیلئے کسی بھی قربانی سے دریغ نہیں کریں گے۔انہوں نے دعا کی کہ ایم کیوایم کی سلور جوبلی تحریک کیلئے باعث رحمت وبرکت ثابت ہو۔

## ایم کیوایم کی سلور جوبلی کے سلسلے میں آج لندن میں اجتماع منعقد کیا جائے گا،الطاف حسین خطاب کریں گے

### ایم کیوایم کی سلور جوبلی کے اجتماع میں شرکت کیلئے وفاقی وزیر اوور سیز پاکستانیز ڈاکٹر فاروق ستار،رابطہ کمیٹی کے کئی ارکان،سٹی ناظم کراچی مصطفےٰ کمال،ڈسٹرکٹ ناظم حیدرآباد کنور نوید،کئی حق پرست صوبائی وزراء،ایم کیوایم کے سینیٹرز،ارکان قومی وصوبائی اسمبلی،حق پرست ٹاؤن ناظمین،نائب ڈسٹرکٹ وٹاؤن ناظمین اور ایم کیوایم کے مختلف تنظیمی شعبوں کے عہدیداران لندن پہنچ گئے

### سلور جوبلی کے اجتماع میں شرکت کیلئے امریکہ،کینیڈا،ناروے،بیلجیئم اور جرمنی سے بھی ایم کیوایم کے عہدیداران لندن پہنچے ہیں

لندن۔20مارچ 2009ء

ایم کیوایم کی سلور جوبلی کے سلسلے میں آج لندن میں اجتماع منعقد کیا جائے گا جس سے ایم کیوایم کے قائد جناب الطاف حسین خطاب کریں گے ۔25ویں یوم تاسیس کا یہ اجتماع لندن کے نواحی علاقے ایجویئر کے ایک ہال میں منعقد کیا جائے گا۔ایم کیوایم کی سلور جوبلی کے اجتماع میں شرکت کیلئے پاکستان سے ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے ڈپٹی کنوینرز اور وفاقی وزیر اوور سیز پاکستانیز ڈاکٹر فاروق ستار،رابطہ کمیٹی کے کئی ارکان،سٹی ناظم کراچی مصطفےٰ کمال، ڈسٹرکٹ ناظم حیدرآباد کنور نوید،کئی حق پرست صوبائی وزراء،ایم کیوایم کے سینیٹرز،ارکان قومی وصوبائی اسمبلی،حق پرست ٹاؤن ناظمین،نائب ڈسٹرکٹ وٹاؤن ناظمین اور ایم کیوایم کے مختلف تنظیمی شعبوں کے عہدیداران لندن پہنچ گئے ہیں۔سلور جوبلی کے اجتماع میں شرکت کیلئے پاکستان کے علاوہ امریکہ، کینیڈا،ناروے،بیلجیئم اور جرمنی سے بھی ایم کیوایم کے عہدیداران لندن پہنچے ہیں۔

## ایم کیوایم ساؤتھ افریقہ یونٹ کے زیراہتمام سلور جوبلی یوم تاسیس منایا گیا

## ایم کیوایم کے کارکنان اوران کے اہل خانہ نے تحریکی سفر میں پیش آنے والے واقعات بیان کئے

## ایم کیوایم ملک سے فرسودہ جاگیردارانہ نظام کے خاتمہ کیلئے جدوجہد کررہی ہے، ایم کیوایم

جوہانسبرگ۔۔۔20، مارچ 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ ساؤتھ افریقہ یونٹ کے زیراہتمام ایم کیوایم کا سلور جوبلی یوم تاسیس منایا گیا۔اس سلسلے میں جوہانسبرگ سٹی میں پروقار تقریب منعقد کی گئی جس میں ایم کیوایم ساؤتھ افریقہ یونٹ کی آرگنائزنگ کمیٹی کے ارکان، ایم کیوایم ڈربن اور جوہانسبرگ اور دیگر یونٹوں کے ذمہ داران، کارکنان اوران کے اہل خانہ کے علاوہ بزنس کمیونٹی سے تعلق رکھنے والی شخصیات نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔تقریب کا آغاز تلاوت کلام پاک سے ہوا اور بعدازاں ایم کیوایم کے 25ویں یوم تاسیس کا کیک کاٹا گیا۔اس موقع پر ایم کیوایم کے کارکنان نے کورس کی شکل میں ایم کیوایم کا مقبول ترانہ ''مظلوموں کا ساتھی ہے، الطاف حسین'' گایا۔ بعدازاں ساؤتھ افریقہ میں مقیم ایم کیوایم کے کارکنان اوران کے اہل خانہ نے تحریکی سفر میں پیش آنے والے واقعات بیان کئے اوراپنی آپ بیتی سنائی جس سے تقریب کے شرکاء بے حد متاثر ہوئے۔اس موقع پر انتہائی رقت انگیز مناظر بھی دیکھنے میں آئے اور بعض افراد کی داستان سن کر شرکاء کی آنکھوں سے آنسو رواں ہوگئے۔تقریب سے خطاب کرتے ہوئے ایم کیوایم ساؤتھ افریقہ یونٹ کی آرگنائزنگ کمیٹی کے ارکان نے کہا کہ ایم کیوایم ملک سے فرسودہ جاگیردارانہ نظام کے خاتمہ کیلئے جدوجہد کررہی ہے اور جب تک ملک بھر کے مظلوم عوام کوان کے جائز حقوق نہیں مل جاتے ایم کیوایم کی جدوجہد جاری رہے گی۔

## اے پی ایم ایس او گورنمنٹ پولی ٹیکنیک ملیر کے زیراہتمام تقریری مقابلہ باعنوان ''سیرت النبیؐ'' کا نعقاد

کراچی۔۔۔20 مارچ 2009ء

آل پاکستان متحدہ اسٹوڈینٹس آرگنائزیشن گورنمنٹ پولی ٹیکنیک ملیر کے زیراہتمام تقریری مقابلہ باعنوان ''سیرت النبیؐ'' کا نعقاد کیا گیا۔تقریب کے مہمان خصوصی حق پرست ارکان اسمبلی ساجد خان اور وسیم احمد تھے جبکہ تقریب میں اے پی ایم ایس او کی مرکزی کمیٹی کے جوائنٹ سیکریٹری ارشاد احمد سمیت کارکنان وطلباوطالبات نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔تقریب سے حق پرست ارکان اسمبلی نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ قائد تحریک جناب الطاف حسین چاہتے ہیں کہ ملک کے 98 فیصد غریب متوسط طبقہ سے تعلق رکھنے والے عوام کے ساتھ ساتھ طلباء بھی اپنی عملی زندگی میں تمام شعبہ میں جا کر ملک و قوم کیلئے خدمات انجام دیں اوراس سلسلے میں اے پی ایم ایس او اپنا کلیدی کردارادا کررہی ہے۔انہوں نے کہا کہ آج کے دور میں جہاں تدریسی عمل بہتر بنانے کی ضرورت ہے وہاں تعلیمی اداروں میں غیر نصابی سرگرمیوں کا انعقاد بھی اہمیت کا حامل ہے کیونکہ ان سرگرمیوں میں طلباء میں خوداعتمادی بحال ہوتی ہے اوران میں پوشیدہ خوبیوں سے ہم آشنا بھی ہوجاتے ہیں اس ضمن میں اے پی ایم ایس او عرصہ دراز سے روح پرور محافلؐ اور تقریری مقابلے منعقد کرکے اپنا اہم کردارادا کررہی ہے جو قابل ستائش ہے۔آخر میں مقابلہ میں کامیاب ہونے والے طلباء کو شیلڈ پیش کی گئیں اور تقریری مقابلہ میں شرکت کرنے والے تمام طلباء کو اسناد بھی دی گئیں۔

## ایم کیوایم شعبہ خواتین لیاقت آباد سیکٹر کی کارکن محترمہ نسیم اقبال کے انتقال پر الطاف حسین کا اظہار افسوس

لندن۔۔۔20، مارچ 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے ایم کیوایم شعبہ خواتین لیاقت آباد سیکٹر یونٹ 65 کی کارکن محترمہ نسیم اقبال کے انتقال پر گہرے دکھ اورافسوس کا اظہار کیا ہے۔اپنے تعزیتی بیان میں جناب الطاف حسین نے مرحومہ کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ مجھ سمیت ایم کیوایم کے تمام کارکنان آپکے غم میں برابر کے شریک ہیں۔انہوں نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومہ کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اورسوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ عطا کرے۔(آمین)

☆☆☆☆☆